مفتی کفایت اللہ: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، بہت زیادہ شکریہ، آپ نے ایک اہم اور نازک موضوع پر بات کرنے کا موقع فراہم کیا ہے۔ جناب سپیکر، یہ جو مسئلہ درپیش ہے، اس سے ہم بھی متاثر ہیں اور ہم اس طرح متاثر ہیں کہ ہمارے ہاں وادی پکھڑی میں بہت سارے کوہستان سے آئے ہوئے لوگ وہاں پر رہے ہیں، تو وہ اپنے جرگوں کے ذریعے ہمیں اپنے یہ مسائل بتاتے رہتے ہیں۔ میں نے آپ کے سیکرٹریٹ کے اندر اایک سوال جمع کیا ہے اور وہ سوال بھی اس سے متعلق ہے لیکن مجھے نہیں معلوم کہ سیکرٹریٹ جب وہ سوال لے آتا ہے تو اسکی اہمیت ہی ختم ہو جاتی ہے، وہ سوال موجود ہے، اگر وہ بھی اسکے ساتھ آ جاتا تو اس طرح بحث ذرا جامع ہو جاتی۔ جناب سپیکر، اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہم اپوزیشن بنچوں والے

ہیں یا سامنے حکومتی بنچوں والے، ہم سے کوئی بھی آدمی یہ نہیں چاہتا کہ خیانت کو فروغ ہو اور میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ ہمارا جو سسٹم ہے، اس کے اندر ایسی غلطیاں موجود ہیں جناب سپیکر، کہ بہت سارے لوگوں کی خیانت نہیں پکڑی جاتی۔ شروع شروع میں جب ہم نئے نئے ممبر بن کر آئے تو ہمیں بہت زیادہ شوق تھا کہ اس طرح کی خیانتیں آئیں گی اور اس طرح چور پکڑے جائیں گے اور پکڑے جانے کے بعد انکو لٹکایا جائے گا اور یہ عبرت بن جائے گی۔ جناب سپیکر، آپ کی موجودگی میں آپکی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ صوبائی اسمبلی کا یہ فورم صوبے کی سطح پر ہی احتساب سیل ہے، اس سے زیادہ معزز ایوان یہاں صوبہ سرحد کے اندر نہیں پایا جاتا اور اسکے ساتھ ساتھ بھی جناب سپیکر، اگر کوئی آدمی یہاں سے بچ جاتا ہے تو پھر اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ وہ آدمی اتنا زیادہ ہوشیار اور چالاک ہے کہ وہ گرفت میں نہیں آتا۔ ہماری مختلف ایجنسیاں ہوتی ہیں، مختلف محکمے ہوتے ہیں، ادارے ہوتے ہیں اور وہ تمام کے تمام ادارے اپنا کام کرتے ہیں لیکن جو ہوشیار لوگ ہیں، وہ نکل جاتے ہیں ہمارے ہاتھ سے اور پکڑائی نہیں دیتے۔ جناب سپیکر، میں وزیر زکواۃ کی شرافت کو بھی جانتا ہوں اور مجھے اس سے اتفاق ہے کہ انشاء اللہ العزیز جب ان کے ذہن میں بات آجائے گی اور ادھر انکو بتا دیا جائے گا، وہ ہم سے Agree کریں گے۔ جس چیئرمین کی بات ہوئی، یہ معطل تھا اور یہ پاکستان کی تاریخ میں پہلا ڈسٹرکٹ زکواۃ چیئرمین ہے جس کے خلاف 419 اور 420 کا پرچہ درج ہوا ہے اور آج تک وہ ایف آئی آر ہے اور وہ ایف آئی آر اس سے ختم نہیں ہوئی، جناب سپیکر، آپکو اندازہ ہے کہ 419 اور 420 کی کس درجے کے آدمی پر ایف آئی آر ہوتی ہے، یہ اس درجے کا آدمی ہے۔ یہ زکواۃ کمیٹی جو ہے، میرے خیال میں تمام محکموں کے درمیان، اگر آپ ایری گیشن کی بات کرتے ہیں، محکمہ تعلیم کی بات کرتے ہیں یا اس طرح صحت کی بات کرتے ہیں، تمام محکموں کے اندر زیادہ معصوم محکمہ جو ہے وہ زکواۃ کا محکمہ ہے۔ جب زکواۃ کا نام آجاتا ہے تو ہمارے سامنے کیا آجاتا ہے؟ بہت سارے معذور لوگ آجاتے ہیں اور غریب لوگ آجاتے ہیں، یتیم آجاتے ہیں، یسیر آجاتے ہیں کہ یہ ان لوگوں کا ہے اور حکومت نے یہ محکمہ اس لئے بنایا ہے کہ جہاں پر مخیر نہ پہنچ سکیں، وہاں پر صوبائی حکومت پہنچے لوگوں کی خدمت کرے لیکن جناب سپیکر، ایک مصرع ہے، وہ بہت عجیب ہے (فارسی) "چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی" (تالیاں) اگر زکواۃ جیسی ایک عام شرعی اصطلاح اور ایک عبادت، زکواۃ تو عبادت ہے اسلام کی چار بنیادیں ہیں، ایک اسمیں کلمہ طیبہ اور ایک اسمیں نماز ہے اور نماز کے بعد فوراً زکواۃ ہے اور زکواۃ کے بعد روزہ اور حج ہے اور قرآن مجید کی 72 آیاتیں اس پر دلالت

کرتی ہیں جہاں پر نماز اور زکواۃ کو ایک ساتھ کر دیا گیا ہے۔ واقیمو الصلواۃ وآتو الزکواۃ، نماز قائم کریں زکواۃ دیں اور زکواۃ میں نہیں سمجھتا ہوں کہ اگر یہاں پر سسٹم ٹھیک ہے تو Individual کو زکواۃ حاصل نہیں کرنا چاہیئے، نہ این جی اوز کو حاصل کرنا چاہیئے، یہ زکواۃ حکومت میں آنا چاہیئے اور حکومت وہ تعین کرے کہ کس طرح وہ حقداروں کو زکواۃ پہنچاتی ہے لیکن جب میں صحت کی بات کرتا ہوں یا تعلیم کی بات کرتا ہوں تو زکواۃ کا Concept ان سے بالکل الگ ہے، زکواۃ کیلئے پورے ضلع کے اندر ایک ایماندار آدمی دیکھیں گے اور ایک ایسا آدمی دیکھیں گے کہ جس کی امانت پر کوئی آدمی انگلی نہ اٹھا سکے اور وہ آدمی غیر متنازعہ ہو۔ مجھے معاف کر دیجئے، اگر زکواۃ کے اندر کوئی آدمی سیاست کرتا ہے یا کوئی آدمی اپنی پارٹی کے نمائندے کو زکواۃ دیتا ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ میری پارٹی کا یہ آدمی اس ضلع کے اندر زکواۃ تقسیم کر سکتا ہے اور اسکے علاوہ کوئی آدمی بھی اس سے بہتر نہیں ہے، حالانکہ بہت سارے بہتر لوگ موجود ہیں، مجھے نہیں معلوم کہ ہمارے وزیر زکواۃ کو کیا مجبوری آ گئی ہے اور یہ تو میں نے پہلے کہہ دیا جناب سپیکر، وہ تو ٹھیک آدمی ہے لیکن مجبوریاں کیسے آ گئی ہیں کہ 419 اور 420 کی ایف آئی آر ہوئی ہے اور اسکو بحال کر دیا ہے اور اگر آپ اسکو بحال کرتے تو آپ یہ کہتے کہ میں نے تین کروڑ ساٹھ لاکھ روپے اس کے پیٹ سے نکال دیئے ہیں پھر تو میں آج ڈسک بجاتا اور بہادری کا تمغہ دیتا وزیر زکواۃ کو کہ آپ نے اس کے پیٹ سے خیانت کا مال نکال دیا، پھر خیر ہے کہ آپ نے بحال کر دیا لیکن بحال کرنا ایک گناہ ہے اور وہ جو رقم ہے، اسکی خرد برد دوسرا گناہ ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ صاحب اختیار آدمی کا گناہ یہ نہیں ہوتا کہ وہ خود چوری کرے، صاحب اختیار آدمی کا گناہ یہ ہوتا ہے کہ وہ چوروں کی نظر پیشی کرتا ہے۔ جناب نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے: **"مطل الغنی الظلمَ"** کہ مالدار آدمی کا ٹال مٹول بھی گناہ ہوتا ہے، ایک آدمی کے پاس اختیار ہے جس کی ذاتی زندگی میں وہ بے شک تہجد پڑھے اور وہ نماز پڑھتا ہے لیکن اگر وہ چور کو لگام نہیں دے سکتا، چوری کو پکڑ نہیں سکتا، مجھے معاف کیجئے اسکی نماز بھی کام نہیں آئے گی، اس کا تہجد بھی کام نہیں آئے گا۔ یہاں جس ایوان کے اندر ہم بیٹھے ہیں، یہ اجتماعی ایوان ہے، یہ اجتماعی امور کے مطابق ہوتا ہے، آپ ذاتی زندگی میں بے شک نارمل مسلمان ہوں، اس سے مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن آپ کو اجتماعی زندگی میں اپنی گرفت کو مضبوط کرنا پڑے گا اور ایک ٹیکنیکل بات بھی سامنے آئی ہے، وہ یہ کہ ایک انکوائری ٹیم ہے، ہمارے ہاں پراونشل انسپکشن انکوائری ٹیم اور وزیر اعلیٰ صاحب انکی تشکیل کرتے ہیں اور یہ معلوم کرتے ہیں کہ بات ٹھیک ہے یا غلط ہے یا اسکا طریقہ، ابھی تک اس ٹیم نے وہ رپورٹ نہیں دی تو کیا جلدی آ گئی تھی کہ آپ نے

اس کو بحال کیا؟اس کے بعد دوسرے دن کو نہیں آنا تھا،اس ہفتے کے بعد دوسرے ہفتے کو نہیں آنا تھا،اس مہینے کے بعد دوسرے مہینے کو نہیں آنا تھا،آپ نے جلد بازی کا کیا مظاہرہ کیا۔ اگر وزیر زکواۃ جلد بازی کا مظاہرہ نہ کرتے تو ہوسکتا کہ ہم ان سے Agree کرتے،انکے ماتحت لوگوں کی غلطی ہوئی ہے لیکن آپ کی جلد بازی نے تو پردہ ڈال دیا ہے۔ جناب سپیکر، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تین کروڑ ساٹھ لاکھ روپے ہیں اور اس آدمی پر 419اور420کی ایف آئی آر ہے اور وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم کی انکوائری سے قبل چیئرمین کی بحالی ہو گئی ہے،اگر وزیر زکواۃ مجبوری سمجھا دیتے ہیں، ہم سمجھ جائیں گے،اگر وزیر زکواۃ مجبوری نہیں سمجھاتے تو سر، میری یہ درخواست ہوگی کہ آپ اس کو کمیٹی کو ریفر کرلیں اور آخر میں جناب سپیکر، شکریہ کے ساتھ یہ شعر بھی آپکو سنانا چاہتا ہوں کہ:

دامن پہ کوئی داغ نہ خنجر پہ کوئی چھینٹ   تم قتل کرے ہو کہ کرامات کرے ہو

<u>جناب سپیکر:</u> جاوید عباسی صاحب۔ جناب، پہ دے پسے۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ یہ بہت ہی اہم معاملہ تھا اور مفتی کفایت اللہ صاحب نے بہت ہی تفصیل سے اس پر روشنی ڈالی ہے۔ بہت اچھا ہوتا کہ چونکہ یہ سارا معاملہ وزیر صاحب کے نالج میں تھا اور پچھلی دفعہ یہ کوئسچن عبدالستار صاحب نے یہاں پر Raise کیا تھا، ہم سب لوگوں نے اس پر بات کی تھی کہ ضروری نہیں ہے کہ ہر چیز کو منسٹر صاحب Defend کرنا شروع کردیں، یہ بڑے کھلے دل کی بات ہوتی اگر وہ اس بات کو مان لیتے اور جناب سپیکر، اسکے خلاف جو پرچہ درج ہوا، وہ کسی Individual کے کہنے پر درج نہیں ہوا، وہاں پہلے اس کے خلاف انکوائری ہوئی ہے، پھر اسکے خلاف اکیس تاریخ کو پچھلے مہینے میں پولیس نے اس کے خلاف رجسٹر کیا ہے۔ جناب سپیکر، اس کی Arrest عمل میں نہیں لائی گئی۔ بائیس تاریخ کو یہاں شاید یہاں ڈسکشن ہوئی ہے اور یہ کوئسچن Accept ہوا ہے اور ہونا یہ چاہیئے تھا کہ جب یہ کوئسچن Accept ہو گیا تھا تو پھر انتظار کیا جاتا کہ اس کی ڈیٹیل پر یہاں ڈسکشن ہوتی۔ اب یہ معاملہ اس طرح ہوا کہ ،چیئرمین کی بات ہے جناب سپیکر، آپکی توجہ چاہیئے، جب یہ محکمہ چیئرمین کو لگا رہے تھے، پچھلی کوئی ایسی مثال نہیں ملتی کہ کسی حکومت نے صرف اپنے من پسند لوگوں کو اپنی پارٹی کے ورکروں کو چیئرمین لگایا ہو، یہ کسی اور ڈسٹرکٹ کی بات نہیں ہے، یہ تمام ڈسٹرکٹوں میں پہلی دفعہ ایسا ہوا ہے، پہلی دفعہ ہوا ہے کہ میں منسٹر صاحبان کے پاس گیا ہوں اور کئی آدمیوں کے بارے میں انہوں نے آگے سے کہا کہ یہ ہماری پالیسی ہے اور ہم نے اپنی مرضی کے اپنے ورکروں کو وہاں پر لگانا

ہے جناب سپیکر۔ اگر اب یہ جو معاملہ کہ کتنا بڑا ایشو ہے اور جو سنٹرز ہیں، وہExist بھی نہیں کرتے ہیں، ان بچوں کے نام پر پیسے کھائے گئے ہیں اور اس میں ایک آدمی شامل نہیں ہوگا جناب سپیکر، اس میں بڑے بڑے لوگوں کے نام آتے ہیں۔ یہاں پر اگر سارے لوگوں کے نام بتائے جائیں، یہ میں مان ہی نہیں سکتا کہ چیئرمین نے اکیلے یہ پیسے کھائے ہیں، وہ اتنی جرات کس طرح کرتا سکتا تھا؟ اور اگر اس نے پیسے کھائے ہیں، اسکے خلاف پرچہ ہوا تھا، تو جن لوگوں نے بحال کیا ہے وہ اس میں برابر کے شریک ہیں جناب سپیکر۔ اس نے اتنا بھی انتظار نہیں کیا کہ یہ معاملہ اسمبلی کے سامنے ہے اور ابھی کچھ ہی دنوں کے بعد ڈسکشن ہوگی، اگر وہ چیئرمین اتنا زورآور ہے کہ منسٹر صاحب کی دسترس میں بھی نہیں ہے، وہ پراونشل گورنمنٹ کی دسترس میں بھی نہیں ہے جناب سپیکر، تو پھر اس سے حساب کون لیگا؟ تو میری پرزور آپ سے اور اس ہاؤس سے درخواست ہے جناب سپیکر، کہ اس کو فوری طور پر سسپنڈ کیا جائے اور اس کے خلاف جو انکوائری ہے، انکوائری ہو رہی ہے اور یہ معاملہ جناب کمیٹی کے سپرد اس لئے کیا جائے کہ اب یہ ایشو سامنے آگیا ہے اور Establish ہو گیا ہے کہ یہاں خیانت ہوئی ہے اور اتنے بڑے پیسے کا خرد برد ہو گیا ہے، کمیٹی کے سامنے یہ معاملہ جائیگا، کمیٹی اس کو بھی سنے گی اور سننا چاہیئے اس کو، کمیٹی اور لوگوں کو بھی بے نقاب کرے گی، اس میں اور لوگوں کی بھی شہادتیں لی جائینگی اور انصاف پر مبنی فیصلہ ہوگا جناب سپیکر۔

Thank you very much.

<u>جناب سپیکر:</u> عبدالاکبر خان۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> شکریہ، جناب سپیکر۔ اگرچہ یہ کوئسچن تو کوہستان کا ہے اور ستار صاحب اور پیر صاحب چونکہ اس علاقے سے تعلق ہے ان کا، لیکن ایک چیز ہماری سمجھ میں نہیں آرہی ہے کہ یہاں پر جو آنریبل ممبر کوئسچن کرتے ہیں اور آپ کا سیکرٹریٹ ڈیپارٹمنٹ کے پاس بھیجتا ہے اور جب ان کا جواب آتا ہے تو ہمارا یہ خیال ہوتا ہے کہ جواب صحیح ہوگا، ہم فرسٹ اس میں دیکھتے ہیں کہ یہ جواب ڈیپارٹمنٹ نے دیا ہے، اب یہ دو آنریبل ممبرز جب یہ کہتے ہیں کہ یہ تین ووکیشنل سنٹرز کا وجود ہی نہیں ہے، ان کا وجود ہی نہیں ہے اور یہاں پر یہ کہتے ہیں کہ کوہستان میں جن سنٹروں کو زکواۃ مستحقین کو دی جاتی ہے، ان کے نام اور پتے فلاں ہیں، ووکیشنل ٹریننگ سنٹر کمیلا، ووکیشنل ٹریننگ سنٹر دبیر، محمدیہ ٹیکنیکل کالج آف ایجوکیشن اور سر، پھر اس کے ساتھ آٹھ دس صفحوں کی لسٹ بھی لگائی ہوئی ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جو ان ٹریننگ سنٹرز میں پڑھ رہے ہیں اور انہی لوگوں کو زکواۃ فنڈ سے پیسہ دیا جارہا ہے۔ اب جناب سپیکر، میں تو یہ نہیں کہہ سکتا کہ ہمارے آنریبل ممبر جو ہیں، کیونکہ وہ اس علاقے کو Represent کرتے ہیں، ان

کو اپنے علاقے کا پتہ ہے اور جب وہ یہاں پر Categorical statement دیتا ہے کہ یہ سنٹر ہے ہی نہیں تو جب سنٹر نہیں ہے تو پھر یہ لوگ کدھر سے آ گئے؟ اور جب یہ لوگ کدھر سے آ گئے تو یہ تین کروڑ ساٹھ روپے دیئے گئے کیسے جناب سپیکر؟ (تالیاں) اور جب یہ حکومت خود کہتی ہے کہ اس کے خلاف 419، 420 کا پرچہ ہے، 419 اور 420 کی ایف آئی آر کس لئے دی ہو گی۔ جناب سپیکر، Definitely میرے خیال میں حکومت نے 419، 420 کی ایف آئی آر کی ہو گی۔ اب جب 419، 420 کے کیس کا فیصلہ نہیں ہوا ہے تو پھر اس شخص کو دوبارہ بحال کیسے کیا جاتا ہے؟ اور جناب سپیکر، 419، 420 تو پاکستان پینل کوڈ میں Murder کے علاوہ باقی جو اس طرح کے جرائم ہیں، سب سے خطرناک جرم ہے اور 419، 420 کا جس کے خلاف پرچہ ہو جائے وہ تو لوکل زکواۃ کمیٹی کا ممبر بھی نہیں بن سکتا، لوکل زکواۃ کمیٹی کا چیئرمین بھی نہیں بن سکتا، یہاں پر تو 419، 420 کے پرچے والے کو ڈسٹرکٹ زکواۃ کمیٹی کا دوبارہ، اس کے باوجود کہ اس کو نسپین پر پیر صاحب نے نوٹس دیا کہ اس پر ڈسکشن ہو گی اور آپ نے نوٹس وصول کیا اور آپ نے Date رکھ دیا کہ اس Date کو اس پر ڈسکشن ہو گی، تو اس کے باوجود بھی اس کو بحال کیا، اتنا انتظار بھی نہیں کیا کہ اسمبلی اس پر ڈسکشن کر لیتی، کسی نتیجے تک پہنچ جاتی، منسٹر صاحب جو انتہائی شریف آدمی ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ ان چیزوں کے حق میں نہیں ہیں، وہ غلط لوگوں کے حق میں نہیں ہیں اور جناب سپیکر، پھر یہ لکھا جاتا ہے کہ محکمہ کو ضلع کوہستان میں زکواۃ فنڈ میں بے قاعدگیوں اور خرد برد کی شکایات موصول ہوئیں جن کی بنیاد پر ضلع کوہستان کے چیئرمین شیر باز خان کو معطل کر دیا گیا، اس معاملے میں تحقیقات کیلئے محکمہ کے دو افسروں پر مشتمل، محکمہ کے دو افسروں پر مشتمل تحقیقاتی کمیٹی بنائی گئی۔ تحقیقاتی ٹیم کی رائے کے مطابق زکواۃ، اس لفظ کو ذرا دیکھیں سر، تحقیقاتی ٹیم کی رائے کے مطابق زکواۃ میں خرد برد نہیں کی گئی، صرف مقررہ طریقہ کار سے انحراف کرتے ہوئے بے قاعدگی کی گئی۔ (قہقہہ) اب یہ خرد برد اور کیا ہوتا ہے، ایک راستہ ہے کہ آپ اس پر چلیں گے، مقررہ طریقہ کار کے مطابق اس پر چلیں گے اور آپ کو کہا جاتا ہے کہ آپ اسلام آباد جائینگے لیکن جب آپ مغرب کی طرف منہ کر کے جائینگے تو یہ تو بے قاعدگی ہے، یہ تو آپ کبھی بھی اسلام آباد نہیں پہنچ سکیں گے، جب آپ مغرب کی طرف چلیں گے۔ اس لئے جناب سپیکر، میں کہتا ہوں کہ، میرے خیال میں منسٹر صاحب بھی Agree کرینگے کہ اگر آپ اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیں اور دس دن کا وہ دے دیں کیونکہ وہ کہتا ہے کہ میرے پاس چیک ہیں، کیونکہ ہم اس کو جھوٹا نہیں کہہ سکتے، کیونکہ ہاؤس میں اس کے پاس ریکارڈ ہے تو جناب سپیکر، میری تو ریکویسٹ ہو گی

کہ اس کو کمیٹی کے،اور آپ ٹائم دے دیں کہ زکواۃ کمیٹی دس دن میں یا پندرہ دن میں اس کی رپورٹ لے آئے، منسٹر صاحب بھی ساتھ بیٹھ جائیں تو یہ تو کوئی بری بات نہیں ہو گی، اس سے حکومت کی نیک نامی ہو گی کہ اگر یہ سب غلط ہے یا ممبر صاحب نے کہا یا اس آدمی نے خرد برد نہیں کیا، اس نے کچھ نہیں کیا ہے تو کم از کم دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائیگا۔ شکریہ جناب۔

مولوی عبیداللہ: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: عبیداللہ صاحب! عبیداللہ صاحب۔

جناب محمود عالم: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: پہلے فلور ابھی ان کو دیا ہے، اس کے بعد آپ۔

مولوی عبیداللہ: حمد وصلواۃ اللہ وعلی النبی ﷺ۔ جناب سپیکر صاحب، میں اس ساری بحث میں ایک بات سے انتہائی خوش بھی ہوں اور مطمئن بھی ہوں کہ کسی نامناسب ایک غلط کام کو برا کہا جا رہا ہے، یہ اپنی جگہ پہ ایک مسلم بات ہے۔ دوسری بات یہ ہے جناب، رسول اکرم ﷺ فرماتے ہیں "**کفیٰ باالمرء کذبا ان یحدث بکل ما سمع** "آدمی کو جھوٹا ہونے کیلئے یہی کافی ہے کہ سنی سنائی باتوں کو اچھالیں۔ جناب والا، آپ کی وساطت سے گزشتہ اجلاس میں میرا کوسچن تھا، میں نے کہا کہ کوہستان کیلئے کتنے پیسے زکواۃ کی مد میں دیئے گئے ہیں اور اس کا طریقہ کار کیا ہے؟ تو مجھے جواب ملا کہ تقریباً لگ بھگ ایک کروڑ اکیاسی لاکھ روپیہ ضلع کوہستان کو آج تک زکواۃ کی مد میں دیا گیا ہے اور میرے اپنے پرائیویٹ ذرائع سے جب میں نے تحقیق کی تو یہ رقم جو یہاں سے گئی ہے، پشاور سے، خزانے سے گئی ہے کوہستان کیلئے، وہ ٹھیک تھی، تین کروڑ ساٹھ لاکھ روپے نہ کسی ریکارڈ میں ہیں، یہ کسی کی جیب میں جاکے نہیں وہاں پہنچتے ہیں، کسی سسٹم کے ناطے، کسی خزانے میں کچھ افسر ہوتے ہیں اور طریقہ کار ہوتا ہے، اس کے مطابق یہ پیسے چلے جاتے ہیں وہاں پہ اور یہ بات کہ تین کروڑ ساٹھ لاکھ، یہ من گھڑت اور جھوٹ ہے۔ جہاں تک یہ بات ہے کہ 419، 420 میں اپنے عبدالاکبر خان صاحب نے جس انداز سے بات کی ہے، پیر صاحب میرے بڑے محترم، میرے محبوب لیڈر بھی ہیں اور ایک سینیئر ترین آدمی بھی ہیں، دیکھو ناجی، کراچی کا کوئی آدمی کسی پر الزام لگائے، اس پر ایک الزام کراچی میں ہو، دوسرا کوہستان میں ہو تو وہ کہیں گے کہ یہ کوہستان والا الزام اس لئے ٹھیک ہے کہ اس پر کراچی میں بھی اس طرح الزام تھا۔ یہ دو آدمیوں کا آپس میں Tussle ہے، 2005 میں تحصیل ناظم کیلئے ایک تھا شیر باز خان، وہ اور ایک دوسرا آدمی آپس میں الیکشن لڑے۔

اب جب الیکشن لڑے تو وہ دوسرا آدمی کامیاب ہوا۔ شیر باز نے اس کی مخالفت میں کہا کہ یہ ایک ان پڑھ آدمی ہے، یہ خلاف قانون الیکشن لڑا ہے۔ کورٹ نے اس کو ختم کر دیا۔ اب اس کے بعد اس ناظم نے شیر باز کے بارے میں کہا کہ یہ بھی ان پڑھ ہے، یہ دونوں نہیں ہونگے، تو وہ الیکشن کے غیر قانونی لڑنے پر 419، 420، یہ الگ سلسلہ ہے، زکواۃ کے سلسلے میں کورٹ نے کسی پر یہ الزام نہیں لگایا، زکواۃ کے سلسلے میں وہی ہے، ایک وزیر صاحب ہیں، ایوان کے، حکومت کے معتمد آدمی ہیں، ہم تو اسی کی رپورٹ پر، گورنمنٹ کے کسی ادارے کی رپورٹ پر ہمیں اعتراض بھی کرنی چاہیئے، اگر وہ گورنمنٹ پوری جھوٹی ہے، پوری وزارت جھوٹی ہے، پورا محکمہ جھوٹا ہے تو پھر تو خدا حافظ ہے اس ملک کا، ہر ایک محکمہ اس طرح ہوگا، پھر فقط زکواۃ نہیں، جتنے محکمے ہمارے صوبے میں ہیں، وہ سارے کے سارے جھوٹے ہونگے۔ اگر اس طرح جھوٹا ہے تو ہر ایک جھوٹا ہے تو پھر ان کی انکوائریاں چلیں، ہر ایک محکمے پر انکوائریاں چلیں گی۔ یہ 419/ 420، مفتی کفایت اللہ صاحب عالم دین ہیں، آپ کو تو تحقیق کرنی چاہیئے تھی، فقط سنی سنائی بات کہنے پر آپ کو جھوٹا نہیں بننا چاہیئے، آپ تو اس حدیث کو پڑھے ہوئے ہیں، آپ کیلئے کافی ہے کہ سنی سنائی بات بول کر آپ کیوں جھوٹے بن گئے ہیں؟ اسی طرح اور بھی لیکن آپ تو عالم دین ہیں، ہمارے کوہستان کے قریب بھی ہیں، آپ کو حالات معلوم ہیں، مطلب یہ ہے ہم یہاں آجاتے ہیں، بجٹ پیش ہوتا ہے، کوئی ادارہ بجٹ پیش کر لیتا ہے، محکمہ خزانہ بجٹ پیش کرتا ہے۔ وہ اگر کہے کہ دس بلین کسی محکمے کیلئے ہم نے رکھا ہے تو ہم کہیں گے کہ بھائی ٹھیک ہے، محکمہ ذمہ دار ہے، تو اسی طرح ایک کروڑ اکیاسی لاکھ کو تین کروڑ ساٹھ لاکھ بنانا، یہ میرے خیال میں ظلم ہے اور 419، 420 کی بات یہ ہے جناب سپیکر صاحب، یہ اور کسی کا کیس ہے جو کہ آپس میں دو سیاسی لوگ لڑ رہے ہیں، وہ کہتا ہے کہ تمہارے پاس ڈگری نہیں ہے، یہ کہتا ہے تمہارے پاس ڈگری نہیں ہے، وہ الگ چیز ہے اور محکمہ زکواۃ کے سلسلے میں اس آدمی پر 419، 420 نہیں ہے۔ میں کہنا نہیں چاہتا لیکن میں نے کہا کہ یہ بہت بڑا ظلم ہو رہا ہے کسی مظلوم پر، یہ حقائق میں اسمبلی کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: محمود عالم صاحب۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: محمود عالم صاحب۔

جناب محمود عالم: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، میں بھی ڈسٹرکٹ کوہستان سے ممبر ہوں تو اسی حوالے سے میں بھی چند گزارشات پیش کرونگا آپ سے کہ بات دراصل یہ ہے کہ یہاں پر مطلب ہم بات اس طرح کرینگے کہ یہاں ہمارے جو چیئر مین صاحب ہیں، ضلع کوہستان کے، حقیقت یہ ہے کہ ہمارے پارلیمانی لیڈر عبدالاکبر خان صاحب نے جو بات کی ہے میں مختصر یہ کہونگا، لمبی تقریر بھی نہیں کرونگا، میں اس کی بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ انکوائری جو ہے، وہ صحیح ہونی چاہیئے، انکوائری صحیح طریقے سے ہونی چاہیئے، میں انکوائری سے مطمئن نہیں ہوں، انکوائری سے میں مطمئن نہیں ہوں۔ چونکہ اس میں زیادہ انٹرسٹ میں نے نہیں لی ہے کیونکہ اس میں عبدالستار خان صاحب نے یہ جتنے جو کاغذات تھے، اس میں جو چیک تھے، جو جعلی چیک تھے، وہ لازمی بات ہے، وہاں سے جب بینک کا چیک ایشو ہوا ہے، کوئی جعلی چیز تو نہیں ہوئی، تو اس کی انکوائری ہونی چاہیئے اور عبدالاکبر خان صاحب ہمارے پارلیمانی لیڈر جو کہہ رہے ہیں، میں نے پارلیمانی لیڈر سے مشورہ بھی کیا ہے کہ میں یہ کہونگا کہ اس کی صحیح انکوائری ہونی چاہیئے کیونکہ اتنا بڑا واقعہ جب ہوتا ہے، چونکہ یہ یتیموں کا حق ہے، غریبوں کا حق ہے، طلباء کا حق ہے اور یہ خون پسینہ ہے تو اسلئے میں کہتا ہوں کہ اس کی انکوائری صحیح طریقے سے ہونی چاہیئے۔ اس کیلئے میں کہتا ہوں کہ آپ کے ہاؤس کی ایک کمیٹی بنائی جائے جس میں اپوزیشن کے تین / چار ممبرز ہوں، حکومت کے تین / چار ممبرز ہوں اور جو بیوروکریسی ہے، ان کے جو افسران اس میں شامل ہونگے، سب مل کے اس کی انکوائری کرائیں، تو یہ میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس آپ کا ٹائم، اور بھی بہت، اور بھی بہت لوگوں نے بولنا ہے۔

جناب عبدالستار خان: سپیکر صاحب! ایک منٹ۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک گھنٹہ صرف ٹائم ہوتا ہے۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر! صرف ایک بات کرنا چاہتا ہوں، بس ایک منٹ کا ٹائم دے دیں۔

جناب سپیکر: نہیں، ان کو تو ٹائم دے چکا۔ چلیں ایک منٹ بولیں۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر! آپ کا شکریہ۔

جناب سپیکر: ایک منٹ سے زیادہ نہیں، یہ غلط روایت قائم ہو رہی ہے۔

جناب عبدالستار خان: مجھے نہایت افسوس ہے جناب سپیکر، کہ ہمارے اس ایوان کے ایک معزز رکن اور عالم دین، فاضل عالم، میرے بھائی مولانا عبید اللہ صاحب نے بڑی مفصل بات کر کے آخر جاتے جاتے اس چور کو مظلوم کہا جس کو اہل کوہستان سب چور کہتے ہیں (تالیاں) اور اس بات سے کچھ مجھے شک پڑا ہے کہ *چور کے داڑھی میں تنکا، شاید اس کا بھی ہاتھ ہو، (قہقہے) اسکی بھی *سرپرستی ہے۔ تمام کوہستان کے لوگ جانتے ہیں، تمام مظلوم جانتے ہیں کہ *اس کے بھائی کا ہاتھ ہے، اس کا بھائی اس میں برابر کا شریک ہے اور آج وہ بات ایوان کے سامنے ظاہر ہو گئی ہے، مجھے آگے اس کے اور کچھ نہیں کہنا ہے۔

مولوی عبید اللہ: جناب سپیکر صاحب، مجھے Personal explanation پر بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: تھینک یو، یہ Personal attack سے گریز کیا جائے اور یہ الفاظ میں حذف کرتا ہوں۔ آپ بیٹھ جائیں، میں نے حذف کر دیئے۔

مولوی عبید اللہ: سر، دو منٹ مجھے دے دیں، صرف دو منٹ۔

جناب سپیکر: ثاقب اللہ خان صاحب۔ یہ الفاظ میں نے حذف کر لئے، آپ بیٹھ جائیں۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی جناب سپیکر صاحب۔ سر، دا سے ده جی، په دے ټاپک باندے د گھنٹے نه زیاتے خبرے اوشوے جی، دا کیس لکه هاتھی په بډه کول دی۔ دیکښے زه به ریکویسټ دا کوم چه د ټولو نه وړومبے خو د فزیکل انسپکشن د پاره As soon as possible دے ایوان نه دوه درے ممبران که وی چه هغوی لاړ شی، فزیکل انسپکشن اوکړی چه دا شته هم که نه جی؟ هغے نه پس د کمیټئ ته حواله کړی چه دا پرابلم Solve شی جی۔

جناب سپیکر: ثاقب اللہ خان صاحب! یہ آپ سب کی اطلاع کیلئے میں اس سٹیج پر-----

مولوی عبید اللہ: جناب سپیکر، مجھے ایک دو منٹ دے دیں جی۔

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں جی، میں نے حذف کرا دیئے ہیں، آپ بیٹھ جائیں۔

مولوی عبید اللہ: سر، مجھے ایک منٹ دے دیں۔

---

*بحکم جناب سپیکر حذف کیے گئے۔

جناب سپیکر: ایک سیکنڈ بھی نہیں، بیٹھ جائیں، ایک سیکنڈ بھی نہیں بیٹھ جائیں۔ اس سٹیج پر اس پر سوائے گورنمنٹ کی پوزیشن معلوم کرنے کے ہم آگے نہیں بڑھ سکتے۔ آپ دوسری موشن لے آئیں اس پر۔ عبدالاکبر خان کدھر گیا؟ آپ جو کہتے ہیں، جس رول کے تحت ہم نے اس کو وہ کر لیا ہے تو اس پر خالی، اس کے علاوہ تو ہم آگے کچھ نہیں کر سکتے، اگر آپ پیر صاحب! آپکی ٹیکنیکل بات ہے۔

سید محمد صابر شاہ: اگر ہم۔۔۔۔

جناب سپیکر: پہلے نہیں پڑھا، ہاؤس تو کچھ نہیں کر سکتا رولز کے آگے، صرف منسٹر صاحب کو آپ سن لیں پہلے، اسکی پوزیشن واضح ہو جائے۔ رول کو آپ Amend کر لیں پھر سب کچھ ہو سکتا ہے۔ جی، منسٹر صاحب، منسٹر زکواۃ وعشر، پلیز۔

جناب محمد زر شید (وزیر کواۃ وعشر): بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، زه ډیره زیاته مننه کوم د عبدالستار خان صاحب چه داسے اهم موضوع باندے هغوی کوئسچن راوړے دے خو یو څو ځنے خبرو باندے افسوس هم کوم چه ډیر غیرپارلیمانی لفظونه پکښے استعمال شول او زمونږ معزز چیئرمینان یا ممبران یا هر څوک چه وی، د هغوی خپل عزت نفس هم وی، د هغوی خپل یو عزت هم وی، د هغوی خپل وقار هم وی نو داسے لفظونه او داسے خبرے کول چه کوم دے نو هغه په داسے یو معزز ځائے کښے، یو معزز ایوان کښے کول مناسب نه وی۔ جناب سپیکر، د کوهستان چیئرمین خلاف چه کوم شکایت راغلے وو نو هغه د معزز رکن د طرف نه وو راغلے، هغه د یو بل کس د طرف نه راغلے وو چه محمدعلی نوم ئے دے، د هغوی د طرف نه راغلے وو او په هغے باندے ما ایکشن واغستو، هغوی ما سسپنډ کړل او د هغه ځائے ډی زیډ او چه زمونږ کوم زکواۃ افسر وی، هغه مے د هغه ځائے نه بدل کړو او د هغے ډسټرکټ د پاره ما زکواۃ ډیپارټمنټ او زمونږ چه کوم انټرنل آډټ افسر وی، هغه چه کوم دے ما مقرر کړل چه تاسو لاړ شئ او انکوائری اوکړئ او وضاحت سره انکوائری اوکړئ۔ یو ځل هغوی انکوائری اوکړه، بیا په دویم ځل ما اولیږل چه په دویم ځل باندے انکوائری اوکړئ، بالکل وضاحت سره اوکړئ۔ بینکونه هم اوګورئ ادارے هم اوګورئ، خلق هم انټرویو کړئ، د خپل دفتر ریکارډ هم اوګورئ۔ د هغے نه پس هغوی چه کوم دے ډیټیل انکوائری رپورټ راوړے دے، دا ډیټیل

ماسره پروت دے ، دانه دے شوے چه هغه غبن شوے دے ، ټول بیلنس ئے هم صحیح دے او د هغے هغه Disbursementهم شوے دے نو هغه هم صحیح شوے دے ، چونکه هیڅ جواز بیا نه پاتے کیدو ځکه چه ډیره لویه سزا هغه له مونږ ورکړه، دا ډیره لویه بدنامی ده چه هغه مونږ سسپنډ کړو او دا ما یو روایت قائم کړے دے په وړومبی ځل باندے په زکواة ډیپارټمنټ کښے ، په دے صوبه کښے چه چرته نه هم شکایت ملاویږی نو زه هغه سسپنډ کوم او د هغه خلاف انکوائری کوم، (تالیاں) ایکشن اخلم او زه نن دا خبره په دے ایوان کښے کوم چه زمونږ د زکواة ډیپارټمنټ کارکردګی د ځلورو واړو صوبو نه بهتره ده۔ په مرکز هم د هغے د هغے دغه کیږی (تالیاں) او مونږ ته زیات نه زیات فنډ هم راکوی، مونږه ته د آئی ډی پیز د پاره هم فنډز راکړل، مونږ چه څومره هم'پروپوزلز' ورکوؤ، د هسپتالونو د پاره فنډز غواړو نو هغوی مونږ ته راکوی ځکه چه زمونږ کارکردګی ښه ده۔ زمونږټهیک ټهاک Apparatus موجود دے ، مونږ ټهیک ټهاک Disbursementهم کوؤ، ټهیک ټهاک ادارے هم چلوؤ او چه ډیر لږ هم شکایت ملاویږی نو مونږ پرے ایکشن اخلو ځکه ما هلته کښے دا ایکشن اغستےوو او د دے د پاره مے اغستے وو چه دا صحیح موجود نه وی چه دا انکوائری نو دوئ پرے اثرانداز نه شی خو زه ډیر افسوس سره وایم چه ستار صاحب بار بار په دے انکوائرئ باندے د اثرانداز کیدو کوشش کړے دے۔ ماله ټول خلق راغلے دی، دا ماسره ریکارډ پروت دے ، چه څومره مشران دی، د کوهستان جرګے راغلے دی چه دا سړے دے ، دا مولانا صاحب بحال کړه، ما نه دے بحال کړے۔ ما سره دا محمودعالم صاحب ناست دے ، د هغوی لیک راسره دا دے موجود دےچه په دوئ باندے چه کوم دا Allegations دی، دا غلط دی او دا ته بحال کړه۔ ما ورته دا وئیلے دی چه ترڅو پورے انکوائری نه ده راغلے ، تر هغے پورے د ده د بحالئ سوال نه پیدا کیږی او چه کله انکوائری راغله چه په هغه باندے هیڅ هم ثابت نه شو نو د هغے نه پس هغه مونږ بحال کړو او بحال مو د دے د پاره کړو چه مونږ سره کوم فنډ دے نو دا Lapsableدے ، که دا فنډ مونږ Useکوؤ نه، دا زمونږ د مستحقینو د پاره دے ، دا بیا مرکز ته واپس ځی او زمونږ دا ریکارډ دے چه زمونږ نه یو پیسه نه ده Lapseشوے۔ د درے واړو

صوبو نه فنډز Lapse کیږی، زمونږ نه یو پیسه نه ده Lapseشوے او دا ځکه چه کوم دے ما بحال کړو چه هغه خپل سسټم اوچلوؤ چه هغه مستحقینو ته هغه خپل فنډز اورسی او ځکه چه ورپسے اوس بیا په دے بله میاشت کښے فنډ راروان دے او دا دوئ چه د کوموسنټرو خبره کوی، دا درے واړه سنټرے موجودے دی او دا د 04-2003نه موجودے دی۔ دا اوس مونږ نه دی کړے ، دا په 04-2003 کښے تیر حکومت چه څوک دلته کښے وو، ذمه دار وو، هغوی دا قائمے کړے دی او وخت په وخت د هغے آډټ رپورټ مونږ ته راځی۔ هلته کښے آډټ ځی او د آډټ رپورټ راځی، د هغے سټوډنټس دغه ټول ریکارډ موجود دے ، نو دا سنی سنائی خبرے دی، زه ډیر زیات مشکور یم چه دا دے ته راغلو، دے سټیج ته راغلو چه ایوان کښے پته اولګی چه مونږ څه کوؤ؟ زه دا په یقین سره وایم چه مونږ د غریبانانو یوه یوه پیسه رسوؤ او زه دا وایم چه زمونږ سره بهترین Apparatus دے ، مونږ پندره هزار سټوډنټان په شپږ میاشتے کښے د ټیکنیکل ایجوکیشن نه اوباسو، لکه مونږ تیس هزار سټوډنټانو ته ووکیشنل ټیکنیکل ټرینګ ورکوؤ۔ مونږ چه کوم دے ټول سکولونو کالجونو او یونیورسټو ته فنډ ورکوؤ، مونږ جهیز فنډ ورکوؤ، مونږ بحالی سکیم ورکوؤ۔ دا چاته پته نشته چه مونږ څومره لویه پیمانه باندے سوشل پروټیکشن ورکوؤ او په کومه طریقه باندے مونږ اړم یو او زه ورکښے دومره Involveیم ، دومره ټپوس کوم، زه ریډیو پاکستان ته ځم په میاشت کښے ، کیښنم چه خلق واورم چه د چرته نه شکایت راته راشی، په اخبار کښے هم چه داسے څه شکایت راشی نو زه ئے نوټس اخلم نو داسے هیڅ خبره نشته (تالیاں) ټوله انکوائری بالکل صفا ستهرا شوے ده، صفا ستهرا انکوائری شوے ده، یو یو څیز وضاحت سره شوے دے ، دا فائل ماسره موجود دے او د هغے نه پس مونږ هغه بحال کړے دے۔ هغه مولانا صاحب، هغه مولانا صاحب، مولانا شیرباز خان چه دغه دواړه ایم پی ایز حضرات، دواړه مولاناګان صاحبان دی، دوئ دواړو ماله لیکلے راکړے دی چه هغه بے ګناه دےخو د دوئ مانه دی منلے ، د انکوائرئ په بنیاد باندے ما واپس بحال کړے دے نو زه دا خبره کوم چه علم نه وی چاته، پته چاته نه وی نو زه معزز اراکینو ته وایم چه ډیره مهربانی کوئ ، د میډیا ملګرو ته وایم چه دوئ

'نیوز' جوړول غواړی نو پیرصاحب زمونږ ډیر زیات دغه دے ، د هغوی د زیات کوریج لګوی، دعبدالاکبرخان صاحب هم زیات کوریج لګوی که د دے د پاره کول غواړی خو د خلقو عزت نفس سره او هغوی سره لوبے کول نه دی پکار۔ ډیره مهربانی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان صاحب، جی۔

سید محمد صابر شاہ: میں انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں، بڑے اچھے انداز سے اور پہلی دفعہ میں نے ان کو سنا ماشاء اللہ، جس طریقے سے انہوں اس کیس کو ڈیفنڈ کیا ہے، یہ انکا حق بھی ہے، انکا Right بھی ہے اور انکی تقریر سننے کے بعد جناب سپیکر، یہ ضروری ہو گیا ہے کہ اگر ایک ایسی بات جو ہماری طرف سے کسی پر اگر الزام لگا ہے اور حقائق سامنے نہ آئے، ہمیں برملا حقیقت سامنے آئی، یہ تو ہم کوہستان جیسے، وہ مولانا صاحب کا کیا نام ہے، ان کا۔۔۔۔۔۔

ایک آواز: شیر باز۔

سید محمد صابر شاہ: شیر باز صاحب سے ہم معافی مانگتے ہیں کہ ہم نے اس پہ الزام لگایا ہے لیکن حقائق جو ہیں وہ اس ہاؤس کے سامنے آنے چاہیئے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ جو نوٹس میں نے دیا ہے، یہ آپ کی کمیٹی جو ہے، اس میں نہیں جا سکتا لیکن یہ کوسچین جو ہے، اس کو کمیٹی کے اندر آپ لے جا سکتے ہیں اور In case امان اللہ صاحب کی طرف سے کوئی چٹ آئی ہے تو میں یہ گزارش کرونگا کہ 240 کے تحت اس سب رول (4) کو معطل کر کے اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ سچ اور جھوٹ جو ہے، یہ سامنے آ جائے، تو یہ ہماری آپ سے گزارش ہو گی۔

جناب سپیکر: جی، اکرم خان درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر صاحب، مونږ خو جی په دے باندے حقیقت دا دے ، دا تقریباً د ایوان رائے یو شان راغله نو مونږ ټول خاموشه شو او مونږه وئیل چه ګورنمنټ به هم د دے سپورټ اوکړی، د ټولو، د اکثریتی د ممبرانو د رائے نو دیکښے خو جی لږ یوه خبره چه هسے هم راشی او پکار خو دا وو چه ډیپارټمنټ هیڅ چه دے ، منسټر صاحب هغوی خپله هم وئیلے وو چه په دے باندے زما څه اعتراض دے چه دا کمیټئ ته لاړ شی او که کمیټئ ته ځی نو د دے

ایوان، د معزز ایوان کمیټی به وی او که چرته مونږ د دے معزز ایوان په ممبرانو باندے اعتماد نه کوؤ چه دا به غلطه فیصله اوکړی، که چرته دلته چا غلط شے پیش کړے وو چه د کمیټۍ رپورټ راشی نو هغه شے به واش شی، چه چرته ښه کار شوے دے د هغے به ستائنه اوشی نو زه خو به دا گزارش کوم چه په دے باندے د گورنمنټ سټینډ نه اخلی جی او هغه د د دے سره بالکل اتفاق اولری چه کله کمیټی فیصله اوکړی او بیا به په دے ایوان کښے راشی چه دا بالکل غلطه وه او دا سړے چه وو، ټهیک وو او ده دا جرم نه دے کړے نو مقصد دا دے چه کمیټۍ ته نه لیږلے کیږی نو دا اوس داسے دے چه لکه یو شے دے په هغے باندے ئے پرده اچولے ده۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور (سینیئر وزیر): سپیکرصاحب، افسوس دا کوم چه آنریبل منسټر صاحب په فلور آف دی هاؤس وائی چه ما انکوائری کړے ده او زما انکوائری چه ده هغه ټهیک ده، که دوئ ته څه اعتراض وی، پریویلج موشن د راولی چه یره دا غلط بیانی دوئ کړے ده نو دا هر یو شے چه مونږه کمیټۍ ته بوځو، هغوی دا کلیئر کټ خبره اوکړه چه ما یو ځل نه، دوه ځله انکوائری پرے اوکړه، سسپنډ مے کړو سړے، هلته نه مے بدل کړو، د هغے نه پس بیا د کمیټۍ د تگ څه مطلب شو؟ پکار دا ده چه د دوئ دا اعتماد دے چه دا غلطه انکوائری ده او دا منسټر صاحب دلته غلط بیانئ نه کار اغستے دے نو پکار دا دی چه دوئ د پریویلج موشن راوړی، دیکښے دا څنگه کمیټۍ ته ولے یوسو دا خبره؟ دا هر یو شے چه مونږ کمیټۍ ته بوځو نو بیا اسمبلئ کښے مونږ څه د پاره ناست یو، دا منسټرانو، دا پوره سیکرټریټ، دوئ بیا څه د پاره کار کوی؟ چه هغوی پوره ډیټیل ورکوی او یو یو خبره ئے تاسو ته اوکړه۔ هغوی دا هم اووئیل چه ما دوه ځله د دے انکوائری اوکړه، دوه ځله، هغه سړے مے سسپنډ کړو، دوه ایم پی ایز صاحبان راغلل چه دا بحال کړه او ما اونکړو او د هغے نه پس بیا کمیټۍ ته د لیږلو زما خو څه خیال نه راځی چه دا کمیټۍ ته لاړ شی او داسے د دوئ شوک وی نو د هاؤس نه د تپوس اوکړی۔

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: میں نے تو جی Personal explanation پر جب تقریر شروع کی تو میں نے یہ کہا کہ میں کوہستان کے ان معاملات کو نہیں جانتا، میں نے شروع میں کہا لیکن ستار خان اور پیر صاحب چونکہ اس علاقے کے رہنے والے ہیں، انکو معلومات ہیں اور ان کی بات پر میں یقین کرتا ہوں کہ یہ جو بات کہیں گے، ٹھیک کہیں گے اور شاید پریس میں یا پبلسٹی کیلئے ان لوگوں کو ضرورت ہو گی جو سال میں ایک دفعہ کبھی پریس میں آتے ہیں۔ عبدالاکبر کو پبلسٹی کی ضرورت نہیں، وہ جب چاہتا ہے پریس میں آسکتا ہے۔

جناب سپیکر: اچھا، ابھی 48 رول جو ہے اس کا (4) کیا کہتا ہے عبدالاکبر خان؟

جناب عبدالاکبر خان: سر، اب کتاب نہیں ہے میرے پاس (قہقہے) آپ پڑھ لیں سر، آپ پڑھ لیں۔

جناب سپیکر: 48 کا (4) کیا کہتا ہے؟

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: سر، اس میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ بتادیں اسراراللہ خان گنڈاپور صاحب؟

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: جی سر۔ اس میں سر، سب رول (4) کہتا ہے کہ "There shall be no voting nor any formal motion in the course of or at the conclusion of such a discussion"، تو جیسے پیر صاحب نے کہا کہ 240 کے تحت اگر ہم اس کو سسپنڈ کر لیں پھر تو ہو سکتا ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں رول کی سسپنشن کی بات کر رہا ہوں۔ آپ کی بات بھی صحیح ہے اور بشیر خان نے بھی صحیح بات کی ہے، ٹھیک ہے یہ موشن Basically جو آیا ہے، یہ 48 کا آیا تو ہے کوسچن پہ، اس کی Base تو کوسچن ہے، کوسچن کو تو کمیٹی کے سپرد کیا جا سکتا ہے لیکن میرے خیال میں یہ چونکہ کافی منسٹر صاحب نے جواب دے دیا ہے اور گورنمنٹ بھی اس پر وہ ہے اور پھر بھی وہ کہتے ہیں کہ اگر ان کو شک ہے کہ ہم مطلب ہے، غلط کہہ رہے ہیں اور پھر اس پر پریویلج موشن لے آئیں، اس کو کمیٹی کے حوالے کریں کہ اس ہاؤس کے ساتھ غلط بیانی کی گئی ہے، غلط انفارمیشن دی گئی ہیں تو اس کی بنیاد پر لیکن میرا خیال ہے کہ ہاں اگر ہاؤس چاہتا ہے، اگر ہاؤس چاہتا ہے تو پھر تو ریفر کیا جا سکتا ہے کیونکہ وہ تو 240 کے تحت 48 کا (4) سسپنڈ کر کے پھر اس کو ہاؤس میں Put کریں لیکن میں سمجھتا ہوں، ریکویسٹ کرونگا کہ اگر ان کو یہ شک ہے کہ ہم نے جو بات کی ہے کہ یہ سنٹرز نہیں ہیں اور منسٹر صاحب کہتے ہیں کہ یہ ہیں تو پھر میرے خیال میں یہ تو بہت اچھا ہو گا کہ وہ پریویلج موشن لے آئیں، غلط جواب دینے پر۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: اس میں اصل میں کلیئر کٹ رولز ہیں جو آپ نے Quote کیے نا، اس میں اور Difficulty بھی نظر نہیں آتی لیکن یہ دوسری جو آپ نے آپشن بتائی، پریویلج موشن کی، وہ موشن ـــــ

(مداخلت)

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر!

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میرے خیال میں ـــــ

سید محمد صابر شاہ: میں گزارش کر رہا ہوں جناب سپیکر ـــــ

جناب عبدالاکبر خان: میں نے کہا کہ جی، جو کوئسچن دیا گیا ہے اس میں سنٹرز کے نام دیئے گئے ہیں اور آنریبل ممبر کہتے ہیں کہ یہ سنٹرز ہیں ہی نہیں، انکا وجود ہی نہیں ہے تو جب وجود ہی نہیں ہے تو پھر ان میں سٹوڈنٹس کہاں سے آئے ہونگے؟ منسٹر صاحب کہتے ہیں کہ ہیں، چونکہ محکمہ نے جواب دیا ہے تو اگر یہ غلط بیانی ہے، اس کوئسچن کا جواب غلط دیا گیا ہے تو اگر آپ Contest کرنا چاہتے ہیں اور آپ سمجھتے ہیں کہ آپ صحیح کہہ رہے ہیں تو کل پریویلج موشن لاکر اس کو کمیٹی کے حوالہ کر دیں، پتہ لگ جائیگا کہ یہ سنٹرز ہیں کہ نہیں ہیں، پھر اس میں سارا معاملہ اور اس سے تحقیقات بڑھ جائیں گی ـــــ

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، جو میں نے گزارش کی کہ منسٹر صاحب ہمارے بہت قابل احترام اور قابل عزت ہیں ـــــ

جناب سپیکر: جی پیر صاحب۔

سید محمد صابر شاہ: انہوں نے 'پروپوز' کیا کہ پریویلج موشن لائی جائے، اگر اس میں غلط بیانی سے کام لیا گیا ہو تو پریویلج موشن تو ایسی ہی ہے کہ ایک مریض جو ہے اس کو اگر آپ Simple injection لگائیں گے، ایک دوائی 'پروپوز' کرکے اور اس انجکشن سے کام ہوتا ہے لیکن مریض اس پہ Insist کرے کہ نہیں آپ نے آپریشن کرنا ہے، پریویلج موشن تو جناب، یہ کمیٹی سیدھی سادھی انکوائری کرے گی، ممبر صاحب نے جو بات کی ہے، اگر غلط ہے، ہم نے کہا ہم یہاں معافی نہیں مانگیں گے، ہم کوہستان جاکر ان سے معافی مانگ لیں گے۔ حقائق کو تو سامنے لانے دیں، آپ کی پریویلج موشن اب یہاں پہ آئے گی، منسٹر صاحب کے خلاف پریویلج موشن ہم لائینگے، اتنی بڑی بات ہم کرینگے یا محکمے کے خلاف لائینگے، محکمے کے خلاف بھی لائینگے تو پریویلج

موشن سے تو بہتر ہے کہ اس پر انکوائری ہو، سچائی سامنے آجائے۔ اگر یہ بات حقیقت پہ ہے تو چور کو سزا دیں، اگر جو بات مولانا صاحب نے کہی ہے، وہ سچی ہے تو کم از کم ہم اپنے ضمیر کے بوجھ کو ہلکا کر سکتے ہیں۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر، میں ایک بات جی، معمولی سی بات Quote کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس کافی ہو گیا، میرے خیال میں اس پر کافی بحث ہو چکی۔

جناب عبدالستار خان: بس ایک بات اس ہاؤس کے سامنے لانا چاہتا ہوں، اس بات کو کہ اس کے جز نمبر 3 میں انہوں نے کہا کہ یہ ووکیشنل سنٹر جو ہے، محمدیہ ٹیکنیکل کالج آف ایجوکیشن بشام، سر یہ بات کلیئر ہے کہ بشام میرے ضلع میں نہیں آتا ہے، یہ ضلع شانگلہ کا ایک علاقہ ہے، اس ووکیشنل سنٹر کا اگر وجود ہو، میں جھوٹا ہوں پھر، .Practically اگر اس کا وجود نہیں ہے، ہوائی طور پر جو لسٹ دی ہے ان لوگوں نے، میں ابھی ثابت کرتا ہوں کہ یہ بعض سکول کے ٹیچرز ہیں، طلباء Show کر کے یہ جو لسٹ ہمارے ہاتھوں میں تھمائی گئی ہے، اس میں ٹیچرز ہیں بہت سے آن ڈیوٹی، ان کو طلباء Show کر کے ان سنٹرز کا وجود نہ ہونے کے باوجود ٹوٹل حساب برابر کر کے اس کو ایک اکاؤنٹ میں جمع کر کے وہ پیسے نکالے ہیں۔ یہ میں نے ابھی ثابت کر دیا کہ یہ بشام میں ہے، یہ سنٹر جو ہے یہ کوہستان میں نہیں ہے۔ بات اس طرح نہیں ہے، وزیر صاحب کی بات میں اس لحاظ سے مانتا ہوں کہ آپ کے ڈیپارٹمنٹ نے آپ کو کہا ہو گا، ڈیپارٹمنٹ کی بات سے اس ایوان نے اتفاق نہیں کیا تھا، انہوں نے غلط بیانی کی تھی، خود انہوں نے کہا تھا کہ طریقہ کار میں بھی غلطی ہوئی ہے، جب اس کے بعد ہم نے محسوس کیا تو یہ اس ہاؤس کے سامنے لایا، اس ہاؤس کی پراپرٹی بنا، وہ سوال اس کے بعد 419، 420 کا پرچہ میرے پاس ہے، اس کے ساتھ 468، 471 بھی ہیں، جعلسازی کا اس بندے پر، جعلسازی کا پرچہ ہوا ہے۔ کوئی یہاں پہ لڑنے کی بات نہیں ہے، یہ ووکیشنل سنٹرز نظر آتے ہیں انسان کو، وہاں پر جا کر دیکھ لیں تو اگر وجود ہے تو ٹھیک ہے، وجود نہیں ہے تو ہم مانیں گے، اس طرح بات نہیں ہے سر، جس طرح بعض لوگوں کو بخار لگتا ہے یہاں پہ جب ہم حق بات کرتے ہیں، یہ بات واللہ بالعظیم میں سیاسی بناء پہ نہیں کہتا ہوں، کوئی میرا غرض نہیں ہے اس سے۔

جناب سپیکر: جی۔ جی، جناب بشیر بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور (سینیئر وزیر): دیکھیں، جیسے معزز رکن فرما رہے ہیں اور منسٹر صاحب نے ایک انکوائری رپورٹ، آپ سے کہا ہے کہ ہم نے انکوائری کرائی ہے تو میرے صرف کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہم اس پریویلج موشن کو پریویلج کمیٹی میں اس لئے کہتے ہیں کہ جائیں کہ اگر کسی افسر نے غلط بیانی کی ہے اور وہ

اسمبلی کو یا منسٹر کو غلط گائیڈ کر رہے ہیں تو ان کو سزا ملنی چاہیئے۔ اگر ایسے آپ کمیٹی میں لے جائیں گے تو اس کا تو کوئی فائدہ نہیں ہوگا، تو ہم تو اپنے افسر کو جو غلط بیانی سے کام لیتے ہیں، ہم تو کہتے ہیں کہ ان کو عملاً سزا ملے گی کیوں غلط جواب دیتے ہیں؟ اس پہ تو میرے خیال میں کوئی بری بات نہیں ہے، وہ تو ہم بھی چاہتے ہیں کہ جس نے غلط بیانی کی، اگر یہ ٹھیک کہتے ہیں تو اچھی بات ہے نا، جس افسر نے غلط بیانی کی، اس کو ہم سزا دینگے۔

<u>جناب سپیکر:</u> ابھی بات ایسی ہے، آپ بیٹھ جائیں جی، جس رول کے تحت آپ لوگوں نے اس کو ایڈمٹ کیا ہے وہ میں آپ کو پڑھتا ہوں:

"Discussion on a matter of public importance arising out of answer to a question.- (1) On every Tuesday, the Speaker may, on two clear days` notice being given by a Member, allot one hour for discussion on a matter of public importance which has recently been the subject of a question, Starred or Un-starred.

(4) There shall be no voting nor any formal motion in the course of or at the conclusion of such discussion."

It is very much clear، اس پر More than one hour ڈسکشن ہوچکی ہے، اس کو میں اسی طرح Dispose of کرتا ہوں، اس پر اگر آپ دوسری موشن لانا چاہتے ہیں تو 'موسٹ ویلکم' آپ کا اپنا ہاؤس ہے، Any time you are most welcome. Ji, next, Abdul Akbar Khan.۔

<u>Mr. Abdul Akbar Khan:</u> Janab Speaker, I beg to move under rule 194 of the Provincial Assembly of the North West Frontier Province Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, for the Constitution of a Special Committee under the chairmanship of Mr. Speaker, comprising Mr. Akram Khan Durrani, Leader of the Opposition, Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao, MPA, Haji Qalandar Khan Lodhi, MPA, Syed Sabir Shah, MPA, Mr. Bashir Ahmad Bilour, Senior Minister, Syed Zahir Ali Shah, Minister for Health, Sardar Hussain Babak, Minister for Elementary and Secondary Education. The Committee will examine Postings and Transfers Policy in Health and Elementary & Secondary Education Departments and will submit its report to the Assembly within thirty days.

Mr. Speaker: Those who are in favour of the motion may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. اس سلسلے میں جلد ہی نوٹیفکیشن جاری کر دیا جائے گا، The House is adjourned till tomorrow 4.00 p.m.

(اسمبلی کا اجلاس بروز بدھ مورخہ 17 فروری 2010 سہ پہر چار بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)